# 148202-اقامت اور تکبیر تحریمہ کے درمیان میں دعا کرنے کا حکم

## سوال

میں نے نوٹ کیا ہے کہ کچھ نمازی حضرات اقامت کے ختم ہونے کے بعد اپنے دونوں ہاتھ اٹھا کر تکبیر تحریمہ سے پہلے دعا کرتے ہیں، تو کیا یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت ہے ؟

## پسندیدہ جواب

"یہ بے بنیاد بات ہے اس کی کوئی دلیل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اقامت کے بعد اور نماز شروع کرنے سے پہلے درمیان میں کوئی دعا کرتے ہوں، اسی طرح یہ بھی منقول نہیں ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جگہ پر دونوں ہاتھ دعا کے لیے اٹھائیں ہو۔ اس لیے کسی کے لیے بھی یہ عمل کرنے کی اجازت نہیں ہے ؛ کیونکہ یہ خلاف سنت عمل ہے ۔" ختم شد
سماحۃ الشیخ عبد العزیز بن باز رحمہ اللہ

"فتاوی نور علی الدرب"(2/1058)

واللہ اعلم